# پین پوپی کوک

# فلورالیا

# کروشے آلونگ

حصہ سوئم



**مکمل ٹیٹوریل آپ کرسٹل اینڈ کروشے سے حاصل کر سکتے ہیں**

**درمیانی پھول پہ ہی کام کا آغاز کریں گے**

**چونتیسواں چکر**

کسی بھی ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ آخر تک تمام ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں  دو سو چھہتر سادہ ٹانکے**

**اب ہم کونے بنائیں گے ۔ ہر کونہ الگ الگ بنایا جائے گا ۔ ایک کونے کو مکمل کرنے کے بعد دوسرا کونہ شروع کیا جائے گا**

**کسی بھی ٹانکے سے شروع کریں**

**پینتسواں چکر**

تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ (اگلے ٹانکے میں چار بڑے ٹانکے بنائیں ۔) دو بار دہرائیں ۔ دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ چھ سادہ ٹانکے ۔ آٹھ بڑے ٹانکے**

**چھتسواں چکر**

**پینتیسویں چکر** کے پہلے سادہ ٹانکے سے تین ٹانکے پہلے شروع کریں ۔ چار ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں **(چوتھا ٹانکا چکر نمبر پینتیس کا پہلا ٹانکا ہوگا ۔ اس ٹانکے میں نشان بکسوہ لگائیں )** دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ( دو بڑے ٹانکوں کا جھنڈ ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔) سات بار دہرائیں ۔ پنکھے کے آخری ٹانکے میں دو بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے چار ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں **پہلا ٹانکا چکر نمبر پینتیس کا آخری ٹانکا ہوگا ۔ اس ٹانکے میں نشان بکسوہ لگائیں )**

اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ ٹانکے کی اوپری**

**زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے آٹھ سادہ ٹانکے ۔ دو بڑے ٹانکوں کے آٹھ جھنڈ**







**سینتیسواں چکر .**

**چکر نمبر چھتیس** کے پہلے سادہ ٹانکے سے تین ٹانکے پہلے شروع کریں . **(نشان بکسوہے لگے رہنے دئیں)**
اگلے پانچ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں . اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ( جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں . دو زنجیر ٹانکے بنائیں .) تین بار دہرائیں . اگلے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں . تین زنجیر ٹانکے بنائیں . (جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں . دو زنجیر ٹانکے بنائیں .) تین بار دہرائیں . آخری جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں . دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں . اگلے پانچ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں . اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں
**ٹانکے شمار کرئیں . ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے دس سادہ ٹانکے . ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آٹھ بڑے ٹانکے**



**اڑتیسواں چکر**

**اشارہ: بڑے ٹانکے چکر نمبر چھتیس کی ایک زنجیر جگہ میں بنائیں جو کہ چکر نمبر سینتیس کی دو زنجیر جگہ کو پیچھے دھکیل دیں گے ۔**

**چکر نمبر سینتیس** کے پہلے سادہ ٹانکے سے تین ٹانکے پہلے شروع کریں

تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ چکر نمبر چونتیس کے ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے فارغ اگلے تین حصوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں

اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ چکر نمبر چھتیس کے سادہ ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔**(نشان بکسوے والا ٹانکا ہوگا ۔)**

(چکر نمبر سینتیس) پنکھے کے پہلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکا بنائیں ۔ **(**چکر نمبر چھتیس کے جھنڈوں کے درمیان ایک زنجیر جگہ میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکا بنائیں ۔ **)** تین بار دہرائیں ۔

چکر نمبر چھتیس کے جھنڈوں کے درمیان ایک زنجیر جگہ میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔ **(**ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکا بنائیں ۔ چکر نمبر چھتیس کے جھنڈوں کے درمیان ایک زنجیر جگہ میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ **)** تین بار دہرائیں

۔ آخری ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکا بنائیں ۔ چکر نمبر چھتیس کے سادہ ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ **(نشان بکسوہے والا ٹانکا)** دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ چکر نمبر چونتیس کے فارغ اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ چھ سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں بننے تین آدھے بڑے ٹانکے ۔ اونیس بڑے ٹانکے ۔ آٹھ گم ٹانکے**






**اونتالیسواں چکر**

**چکر نمبر اڑتیس** کے پہلے سادہ ٹانکے سے تین ٹانکے پہلے شروع کریں

اگلے نو ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ دو بڑے ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔

({ چکر نمبر سینتیس }کے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ ) سات بار دہرائیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آخری بڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ {چکر نمبر سینتیس} اگلے دو بڑے ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے نو ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے اٹھارہ سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آٹھ بڑے ٹانکے**




**چالیسواں چکر**

**چکر نمبر اونتالیس** کے پہلے سادہ ٹانکے سے تین ٹانکے پہلے شروع کریں ۔

تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔{ چکر نمبر چونتیس }کے فارغ تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں۔{ چکر نمبر اڑتیس }کے چھ ٹانکوں کی فارغ اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں

({ چکر نمبر اڑتیس} کے اگلے دو بڑے ٹانکوں کے گرد اگلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔{ چکر نمبر اونتالیس} کے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ) چار بار دہرائیں ۔

{چکر نمبر اڑتالیس} کے اگلے تین ٹانکوں کے گرد اگلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

({چکر نمبر اونتالیس} کے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو بڑے ٹانکوں کے


گرد اگلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ) چار بار دہرائیں

.{ چکر نمبر اڑتالیس} کے چھ ٹانکوں کی فارغ اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ {چکر نمبر

چونتیس} کے فارغ تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک

ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ چودہ سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں بننے اٹھارہ آدھے بڑے ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے اونیس بڑے ٹانکے**







**آپ کا پہلا کونہ مکمل ہوا**

**چکر نمبر چالیس کے آخری سادہ ٹانکے کے بعد بیالیس ٹانکے شمار کرئیں ۔ ترتالیسویں ٹانکے سے کام شروع کریں ۔ چکر نمبر پینتیس سے چکر نمبر چالیس تک دہرائیں ۔**

**دوسرا ۔ تیسرا اور چوتھا کونہ مکمل کرنے کے بعد ہر دو کونوں کے درمیان ستائیس ٹانکے بچنے چاہیں**




**اکتالیسواں چکر ۔**

کسی بھی کونے والے بڑے ٹانکے سے شروع کریں ۔ تین بڑے ٹانکوں والے پنکھے کا دوسرا بڑا ٹانکا ہوگا ۔

* (سادہ ٹانکا ۔ تین زنجیر ٹانکے ۔ سادہ ٹانکا ۔) اگلے پچیس ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے سترہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں اگلے پچیس ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ دس آدھے بڑے ٹانکے ۔ اونہتر سادہ ٹانکے**




**بیالیسواں چکر**

کسی بھی تین زنجیر جگہ والے کونے سے شروع کریں

* (دوہرا سادہ ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ دوہرا سادہ ٹانکا ۔کونے میں بنائیں) (دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ ایک ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں دوہرا سادہ ٹانکا بنائیں ۔) اونتالیس بار دہرائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔* چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر

چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ اکتالیس دوہرے سادہ ٹانکے**




**ترتالیسواں چکر**

کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والی کونے سے شروع کریں ۔

* (کونے میں چار بڑے ٹانکے بنائیں ۔) **دوسرے اور تیسرے بڑے ٹانکوں کی اوپری زنجیر**

**کے پچھلے حصے میں نشان بکسوہ لگائیں** ۔ ہر دو زنجیر جگہ میں دو ۔ دو بڑے ٹانکے

اگلے کونے تک بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون

کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ چوراسی بڑے ٹانکے**

**چوالیسواں چکر**

**اس چکر میں صرف اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ہی کام کیا جائے گا ۔ اگر آپ کے گم ٹانکے تنگ بنتے ہیں اور کھچائو آرہا ہے تو آپ 4.5 ایم ایم کے ہک سے کام کرئیں**

کسی بھی کونے میں بنے چار بڑے ٹانکوں کے تیسرے سے کام شروع کریں ۔ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں

نشان بکسوہ لگائیں ۔ کمبل کے چاروں طرف ہر ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک گم ٹانکا بنائیں ۔ اون کو

کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں بننے چوراسی گم ٹانکے**

**پینتالیسواں چکر**



**اس چکر میں چکر نمبر چونتیس کے فارغ زنجیر کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے**

**میں اور گم ٹانکوں( جو کہ ابھی بنائے گئے ہیں ) کہ پیچھے کام کیا جائے گا ۔**

**اگر آپ نے 4.5 ایم ایم کے ہک سے کام کیا ہے تو اب دوبارہ 4 ایم ایم ہک سے**

**کام کرئیں**

کسی بھی کونے والے چار بڑے ٹانکوں کے دوسرے ٹانکے کی اوپری

زنجیر کے اگلے حصہ میں کام کیا جائے گا ۔ (پہلانشان بکسوہ) * ٹانکے

کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ (پہلا نشان

بکسوہ ہوگا ) تین زنجیر ٹانکے بنائیں اگلے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے

حصے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں (دوسرا نشان بکسوہ ہوگا ۔)

کونہ مکمل ہوا ۔ اگلے نشان بکسوہے سے پہلے تمام ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کریں ۔ فی طرف ۔ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے چوراسی سادہ ٹانکے**

**پیمائش کریں ۔ ساڑھے اٹھارہ انچ ۔**